Time : 1½ Hours **FIRST-TERM** SCIENCE (U)

Subject Code

| S | 1 | 0 | 3 | 3 |
|---|---|---|---|---|

Total No. of Questions : 40 (Printed Pages : 12) Maximum Marks : 40

**ہدایات** : (*i*) سوالی پرچہ میں **چالیس** (40) ملٹی پل چوائس آبجیکٹیو (MCQ) پر منحصر ہے۔

(*ii*) سبھی سوالات لازمی ہیں۔

(*iii*) ہرسوال میں چار متبادلات A, B, C اور D میں سے صحیح متبادل چُن کر لکھنا ہے۔

(*iv*) دیئے گئے چار متبادلات میں سے صحیح متبادل کا انتخاب کیجئے۔

(*v*) ہرسوال کے صحیح جواب کے لئے 1 مارک دیا گیا ہے۔

(*vi*) غلط جواب کے لئے منفی مارکنگ نہیں ہے۔

1. کیلشیم آکسائیڈ پانی کے ساتھ تیزی سے تعامل کرکے بجھا چونا بناتا ہے، جس سے بڑی مقدار میں حرارت خارج ہوتی ہے۔ یہ ---------قسم کا تعامل ہے۔

(A) اتحادی تعامل

(B) تحلیلی تعامل

(C) دوہرا ہٹاؤ تعامل

(D) ہٹاؤ تعامل

2. مندرجہ ذیل میں مصنوعی انڈیکیٹر کی ایک مثال -------- ہے۔

(A) ہلدی

(B) میتھائل اورنج

(C) لونگ

(D) ونیلہ (Vanilla)

3. دماغ کا وہ حصہ جس میں خطے مختلف ریسپٹرس سے حسی ہیجان کو حاصل کرتے ہیں ۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔

(A) وسطی دماغ

(B) اگلا دماغ

(C) پچھلا دماغ

(D) غنائی ڈور

4. ایک برقی بلب کو 220 V کے جنریٹر سے جوڑ دیا جاتا ہے۔ کرنٹ 0.50 A ہے، تو بلب کی پاور ۔۔۔۔۔۔۔۔ ہوگی۔

(A) 220 W

(B) 150 W

(C) 110 W

(D) 100 W

5. مندرجہ ذیل میں یک منفی پھول کی مثال ۔۔۔۔۔۔۔ ہے۔

(A) پپیتا

(B) سرسوں

(C) گڑھل

(D) آم

6. ہمارے گھروں میں مثبت تار اور منفی تار کے درمیان کا مضمر فرق ۔۔۔۔۔۔۔ ہوتا ہے۔

(A) 220 V

(B) 240 V

(C) 290 V

(D) 300 V

7. شمسی سیل بنانے کے لیے۔۔۔۔۔۔۔ مادے کا استعمال کیا جاتا ہے۔

(A) سِلِکون

(B) زنک

(C) ایلومِنیم

(D) تانبہ

8. گرم کیے ہوئے کاپر آکسائیڈ (CuO) سے جب ہائیڈروجن گیس گذاری جاتی ہے تو سطح موجود سیاہ پرت ۔۔۔۔۔۔۔ رنگ میں تبدیل ہو جاتی ہے۔

(A) بھورے

(B) پیلے

(C) لال

(D) ہلکا نیلا

9. جب منہ کا pH ۔۔۔۔۔۔۔ سے کم ہوتا ہے تو دانت کی سڑن شروع ہوتی ہے۔

(A) 7

(B) 5.5

(C) 8.1

(D) 12

10. کیمیائی تعامل میں کیلشیم تیرنا شروع کر دیتا ہے۔ کیونکہ ۔۔۔۔۔۔۔گیس کے بلبلے بنتے ہیں۔

(A) ہائیڈروجن

(B) آکسیجن

(C) سلفر

(D) نائٹروجن

11. پودوں کی نمو کو روکنے والا ہارمون ۔۔۔۔۔۔۔۔۔

(A) سائٹو کائنن

(B) ایپسی سک ایسڈ

(C) آکسِن

(D) جبریلن

12. مادہ تولیدی خلیوں یا بیضوں کی تشکیل ۔۔۔۔۔۔۔ میں ہوتی ہے۔

(A) رحم

(B) بیضے دان

(C) بیض نالی

(D) سروکس

13. ایک سرکٹ میں مزاحمتیں $R_1$، $R_2$ اور $R_3$ کو سلسلہ وار ترکیب میں جوڑا گیا ہے۔ جن کی مزاحمت بالترتیب 5 Ω، 10 Ω اور 20 Ω ہے۔ سرکٹ کی کل مزاحمت ۔۔۔۔۔۔۔ ہوگی۔

(A) 35 Ω

(B) 30 Ω

(C) 45 Ω

(D) 40 Ω

14. ایک کرنٹ بردار لمبے سیدھے سولی نوئڈ کے اندر مقناطیسی میدان ۔۔۔۔۔۔ ہوگا۔

(A) جیسے جیسے ہم سرے کی طرف بڑھیں گے کم ہوتا جائے گا

(B) صفر

(C) سبھی نقطوں پر یکساں رہے گا

(D) جیسے جیسے ہم سرے کی طرف بڑھیں گے بڑھے گا

15. ایک مثالی شمسی سیل ۔۔۔۔۔۔۔ کا وولٹیج پیدا کرتا ہے۔

(A) 0.7-2 V

(B) 2-3 V

(C) 0.5-1 V

(D) 1-6 V

16. $Fe + H_2O \rightarrow Fe_3O_4 + H_2$ کے لئے متوازن مساوات ہے ۔۔۔۔۔۔۔۔۔

(A) $3Fe + 4H_2O \rightarrow Fe_3O_4 + 4H_2$

(B) $Fe + 4H_2O \rightarrow Fe_3O_4 + H_2$

(C) $2Fe + H_2O \rightarrow Fe_3O_4 + H_2$

(D) $3Fe + 2H_2O \rightarrow Fe_3O_4 + 4H_2$

17. بیکنگ سوڈے کو گرم کرکے ۔۔۔۔۔۔۔ حاصل ہوتا ہے۔

(A) سوڈیم ہائیڈروجن کاربونیٹ

(B) سوڈیم کاربونیٹ

(C) سوڈیم کلورائیڈ

(D) امونیم کلورائیڈ

18. ٹوٹی ہڈیوں کو سہارا دینے کے لیے ڈاکٹر ۔۔۔۔۔۔ شئے کا استعمال کرتا ہے۔

(A) پلاسٹر آف پیرس

(B) بلیچنگ پاؤڈر

(C) سوڈیم کلورائیڈ

(D) میگنیشیم ہائیڈرو آکسائیڈ

19. سلفائیڈ کچ دھاتوں کو آکسائیڈ میں بدلنے کے لیے ہوا کی زیادتی میں بہت زیادہ گرم کیا جاتا ہے۔ اس عمل کو ۔۔۔۔۔۔۔۔ کہتے ہیں۔

(A) تکسیر

(B) روسٹِنَہ

(C) جست کاری

(D) تکلیس

20. جب ہوا میں چاندی کے برتنوں کو کھلا چھوڑ دیا جاتا ہے تو وہ کچھ دیر بعد کالے پڑ جاتے ہیں۔ اُس کی وجہ ۔۔۔۔۔۔۔ کا بننا ہے۔

(A) $Ag_2S$

(B) $Ag_2O$

(C) $Ag_3N$

(D) $Ag_2S$ اور $Ag_3N$

21. راہول ایک حادثے کا شکار ہوا جس میں اس کے سر پر چوٹ لگی۔ جس کے بعد وہ چل نہیں سکتا۔ دماغ کا وہ حصہ جو متاثر ہوا ہے ۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔

(A) سرِبیلم

(B) میڈولا

(C) غنائی ڈور

(D) سیریبرم

22. ہائیڈرا میں عمل تولید ۔۔۔۔۔۔۔۔ کے طریقے سے ہوتی ہے۔

(A) نباتاتی افزائش

(B) کلیانا

(C) انشقاق

(D) بذرہ کی تشکیل

23. انشیے کو ڈھانپنے والی باہری پرت کو ۔۔۔۔۔۔ کہتے ہیں۔

(A) مثانہ

(B) مبال

(C) سیمینل دیسیکل

(D) انشیہ تھیلی

24. 8 Ω کی مزاحمت میں فی سیکنڈ 200 J حرارت پیدا ہوتی ہے، تو مزاحمت میں مضمر فرق ۔۔۔۔۔ ہوگا۔

(A) 20 V

(B) 25 V

(C) 40 V

(D) 10 V

25. برقی سرکٹ کو نقصان سے بچانے کے لیے استعمال کیے جانے والا سب سے اہم حفاظتی آلہ ۔۔۔۔۔۔۔۔ ہے۔

(A) وولٹ میٹر

(B) فیوز

(C) امیٹر

(D) جنریٹر

26. مندرجہ ذیل میں ۔۔۔۔۔۔ توانائی کا متبادل ماخذ کی مثال نہیں ہے۔

(A) شمسی توانائی

(B) نیوکلیائی توانائی

(C) ارضی حرارتی توانائی

(D) تھرمل پاور پلانٹ

27. جب دھات نائٹرک تیزاب کے ساتھ تعامل کرتی ہے تو ہائیڈروجن گیس نہیں نکلتی ہے، کیوں کہ ------۔

(A) $HNO_3$ ایک طاقتور تکسیری ایجنٹ ہے۔

(B) $HNO_3$ ایک کمزور تکسیری ایجنٹ ہے۔

(C) $HNO_3$ ایک طاقتور تحویلی ایجنٹ ہے۔

(D) $HNO_3$ ایک کمزور تحویلی ایجنٹ ہے۔

28. مندرجہ ذیل میں لمبے وقت تک چربی اور تیل کی غزائی اشیاء کو ذخیرہ کرنے کے لیے استعمال ہونے والی گیس --------ہے۔

(A) ہائیڈروجن

(B) نائٹروجن

(C) کاربن ڈائی آکسائیڈ

(D) آکسیجن

29. تیزابی بارش کی pH قدر -------ہے۔

(A) 5.6 سے کم

(B) 5.6 سے زیادہ

(C) 5.6

(D) 7 سے زیادہ

.30 ڈاکٹر نے نیہا کو غذا میں کم شکر لینے کی صلاح دی۔ کیونکہ نیہا ۔۔۔۔۔۔ بیماری میں مبتلا ہے۔

(A) انیمیا

(B) ذیابطیس

(C) کینسر

(D) چیکن پوکس

.31 مینا اور راہول شادی شدہ ہیں اور وہ بچے پیدا کرنا نہیں چاہتے۔ ڈاکٹر نے انہیں مانع حمل آلہ کا استعمال کرنے کی صلاح دی۔ جو کہ ۔۔۔۔۔۔۔۔ ہے۔

(A) کاپر ٹی

(B) سکشن آلہ

(C) تھرمامیٹر

(D) اینٹاسیڈ

.32 ایک برقی بلب کے فلامنٹ کے ذریعہ 5 منٹ کے لیے 0.3A کا برقی کرنٹ حاصل کیا گیا، تو سرکٹ میں بہنے والی برقی چارج کی مقدار ۔۔۔۔۔۔ ہوگی۔

(A) 90 C

(B) 110 C

(C) 80 C

(D) 20 C

.33 1 kWh ۔۔۔۔۔۔ کے برابر ہے۔

(A) $3.6 \times 10^{6}$ J

(B) $3.6 \times 10^{-6}$ J

(C) $3.7 \times 10^{2}$ J

(D) $3.7 \times 10^{-2}$ J

34. میدانی خطوط کی سمت، مقناطیس کے اندر ۔۔۔۔۔ ہوتی ہے۔

(A) جنوبی قطب سے دور

(B) شمالی قطب سے جنوبی قطب کے جانب

(C) جنوبی قطب سے شمالی قطب کے جانب

(D) شمالی قطب سے دور

35. ہمارے جسم میں تھائراکسن ہارمون کا کام ۔۔۔۔۔۔۔۔ ہے۔

(A) کاربوہائیڈریٹ، پروٹین اور چربی کے تحول کو کنٹرول کرنا

(B) خون میں شوگر کی مقدار کو کنٹرول کرنا

(C) نمو کو رد کرنا

(D) انسولین کو خارج کرنا

36. ہمارے جسم میں غیر اختیاری عمل ۔۔۔۔۔۔ کے ذریعے کنٹرول ہوتے ہیں۔

(A) سیریبرم

(B) وسطی دماغ

(C) میڈولا

(D) پونس

37. مادہ میں بیضہ کی باروری اگر نہ ہو تو وہ تقریباً ۔۔۔۔۔۔ تک زندہ رہتا ہے۔

(A) تین دن

(B) ایک دن

(C) چار دن

(D) ایک مہینہ

38. برقی سرکٹ میں اگر مزاحمت دوگنی کر دی جائے۔تو کرنٹ ۔۔۔۔۔۔۔ ہوگا۔

(A) آدھا

(B) دوگنا

(C) ایک سے زیادہ

(D) تین گنا

39. جنریٹر کا کام ۔۔۔۔۔۔۔ کے اصول پر مبنی ہے۔

(A) برقی رو کے حرارتی اثر

(B) برقی رو کا کیمیائی اثر

(C) برقی رو کا مقناطیسی اثر

(D) برقی مقناطیسی امالیت

40. نر تولیدی نظام میں سیمِنل ویسکل کا کام ۔۔۔۔۔۔ ہے۔

(A) اسپرم کی نقل وحمل کو آسان کرنا

(B) بلڈ پریشر کو کنٹرول کرنا

(C) W.B.C. کو بڑھانا

(D) انسولین کا افراد کرنا

SPACE FOR ROUGH WORK